**قائداعظم محمد علی جناح کے مسلک کے بارے میں جو تاریخی حقائق بیان کئے ہیں ان پر قائم ہوں ۔ الطاف حسین**

**جولوگ سمجھتے ہیں کہ میں نے غلط حقائق بیان کئے ہیں وہ ثبوت وشواہد کے ذریعے میری بات کوغلط ثابت کرکے دکھائیں**

**میں خوشی سے چیلنج قبول کروں گا اور مزید تاریخی حقائق دلائل کے ساتھ قوم کے سامنے پیش کروں گا**

**میں سنی عقیدہ مسلمان ہوں مگر میں سمجھتا ہوں کہ معصوم شہریوں کو محض شیعہ ہونے کی بنیاد پر بیدردی سے قتل کردینا کھلا ظلم ہے**

**میں نے فقہ جعفریہ کی نہیں بلکہ مظلوموں کی حمایت کی ہے اور مظلوموں کا ساتھ دیا ہے**

**میں نے اکثریت کا نہیں حق کا ساتھ دیا ہے اور تمام تر نتائج کی پرواہ کئے بغیر حق کا ساتھ دیتا رہوں گا**

**میری کوشش ہے کہ تمام مذاہب ، فقہ اور مسالک کے ماننے والے پاکستانی آپس میں متحد ہوجائیں اور معصوموں کو بیدردی سے قتل کرنے والے سفاک عناصر کے ناپاک عزائم کو ناکام بنائیں**

**ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن کسی بھی مذہب ، فقہ یا مسلک کا ماننے والا ہو وہ مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کیلئے رات دن کوششیں کرتا رہے گا**

**لاہور میں ایم کیوایم کے زونل آفس پر اہل تشیع علمائے کرام ، ذاکرین اور مختلف امام بارگاہوں کے عہدیداروں کے وفود سے فون پر گفتگو**

لندن ۔۔۔ 25 اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ میں نے بانیء پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے مسلک کے بارے میں جو تاریخی حقائق بیان کئے ہیں وہ بھرپور تحقیق کے بعد بیان کئے ہیں، میں اپنی بات پر قائم ہوں اور جولوگ سمجھتے ہیں کہ میں نے غلط حقائق بیان کئے ہیں تو میں انہیں چیلنج کرتا ہوں کہ وہ تاریخی حقائق اور ثبوت وشواہد کے ذریعے میری بات کوغلط ثابت کرکے دکھائیں ۔ میں خوشی سے چیلنج قبول کروں گا اور مزید تاریخی حقائق دلائل کے ساتھ قوم کے سامنے پیش کروں گا کیونکہ یہ پاکستان کی سلامتی وبقاء اور ملک کی یکجہتی کا معاملہ ہے ۔ انہوں نے یہ بات آج لاہور میں ایم کیوایم کے زونل آفس پنجاب ہاؤس پر اہل تشیع علمائے کرام ، ذاکرین اور مختلف امام بارگاہوں کے عہدیداروں کے وفود سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی ۔ ان وفود میں لاہور کے مختلف علاقوں کے ساتھ ساتھ ، ٹوبہ ٹیک سنگھ ، شیخوپورہ ، گوجرانوالہ ، سرگودھا ، سیالکوٹ ، ملتان اور اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے اہل تشیع علمائے کرام اور ذاکرین شامل تھے جنہوں نے پنجاب ہاؤس پہنچ کر اہل تشیع کمیونٹی کے افراد کے بہیمانہ قتل کے خلاف بھرپور انداز میں صدائے احتجاج بلند کرنے پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور ان کے جراتمندانہ بیانات کو سراسر حقائق پر مبنی قرار دیا ۔ جناب الطاف حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں نے ہمیشہ ظلم کو ظلم کہا ہے ، میں سنی عقیدہ مسلمان ہوں مگر میں سمجھتا ہوں کہ یہ سراسر ظلم ہے کہ معصوم شہریوں کو بسوں سے اتار اتار کر ان کے شناختی کارڈ پر نام چیک کرکے اور جسموں پر عزاداری کے نشان دیکھ کر انہیں محض شیعہ ہونے کی بنیاد پر بیدردی سے قتل کردیا جائے ، یہ کھلا ظلم ہے اور میں اس ظلم کے خلاف ہوں ، میں نے فقہ جعفریہ کی نہیں بلکہ مظلوموں کی حمایت کی ہے ، مظلوموں کا ساتھ دیا ہے ۔ میرے والدین کا مجھے یہی درس تھا کہ یہ مت دیکھنا کہ اکثریت میں کون ہے بلکہ یہ دیکھنا کہ حق پر کون ہے ۔ لہٰذا میں نے حق کا ساتھ دیا ہے اور تمام تر نتائج کی پرواہ کئے بغیر حق کا ساتھ دیتا رہوں گا ۔ انہوں نے کہا کہ میں اس بات پر قائم ہوں کہ قائداعظم خوجہ شیعہ اثنائے عشری تھے اور محض شیعہ ہونے کی بنیاد پر کسی بے گناہ شہری کو قتل کرنا قائداعظم کو قتل کرنا ہے اور قائداعظم کو قتل کرنا پاکستان کو قتل کرنے کے مترادف ہے ۔ انہوں نے کہا کہ جو مظلوموں کی صف میں کھڑا ہوتا ہے اور مظلوموں کا ساتھ دیتا ہے وہی سچا حق پرست اور حسینی ہوتا ہے ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ گلگت بلتستان ، کوئٹہ ، پشاور ، کراچی ، لاہور یا کسی بھی شہر میں ٹارگٹ کلنگز یا بم دھماکوں میں خواہ شیعہ شہید ہوئے ہوں یا سنی شہید ہوئے ہوں ، میں سب کیلئے دعا گو ہوں ، اللہ تعالیٰ ان سب کو شہادت کا درجہ عطا کرے اور ان کے تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔ انہوں نے علمائے کرام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت پاکستان کو داخلی وخارجی سطح پر سنگین خطرات اور چیلنجز درپیش ہیں اور ایسے میں ملک کو یکجہتی ، استحکام ، تمام مذاہب اور مسالک کے ماننے والوں کے درمیان مذہبی رواداری ، فرقہ وارانہ ہم آہنگی ، اتحاد ، برداشت اور باہمی احترام کی اشد ضرورت ہے ۔ میری کوشش ہے کہ تمام مذاہب ، فقہ اور مسالک کے ماننے والے پاکستانی آپس میں متحد ہوجائیں اور جو سفاک عناصر معصوموں کو بیدردی سے قتل کررہے ہیں ان ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو ناکام بنائیں ۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کیلئے تمام ہی سیاسی رہنماؤں کو کوشش کرنا چاہیے مگر یہ بات افسوسناک ہے کہ دیگر رہنما اس معاملے میں خاموشی اختیار کئے ہوئے ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے وفود کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن خواہ وہ کسی بھی مذہب ، فقہ ، مسلک کا ماننے والا ہو وہ مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کیلئے رات دن کوششیں کرتا رہے گا ۔ وفد میں ممتاز خطیب حامد رضا ، بی بی پاک دامن کے علامہ وقار ، سید عابد ، پروفیسر حسن جوہری ، علامہ فرمان عابدی ، امام بارگاہ ایوان ابوطالب ٹھوکر نیاز بیگ

لاہور کے ملک ذوالفقار علی، مرکزی امام بارگاہ قصر بتول لاہور کے سید ناصر عباس بخاری، امام بارگاہ عون ومحمد امین پور سیداں گوجرانوالہ کے سید ذکی حسین نقوی، امام بارگاہ درعباس سرگودھا کے امتیاز حسین بھٹہ، امام بارگاہ حسینیہ موڑ کھنڈا کے فقیر زادہ ملک شاہد حسین کھوکھر، امام بارگاہ پیر محل ٹوبہ ٹیک سنگھ کے سید محمد علی بخاری، علامہ آصف جوہری، مرکزی امام بارگاہ الحسن مجتبیٰ سیالکوٹ کے سید آل عمران نقوی، مرکزی امام بارگاہ حسینیہ خدیجتہ الکبریٰ اسلام آباد کے یاسر عمار، امام بارگاہ تریڈے والی شیخوپورہ کے ملک عرفان حیدر، امام بارگاہ شاہ گردیز ملتان کے سید کاشف حسین گردیزی، مجلس وحدت المسلمین لاہور کے جنرل سیکریٹری عمران علی شاہ، پولیٹیکل سیکریٹری حسین زیدی، واجد علی اور دیگر شامل تھے۔ اس موقع پر ایم کیوایم کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار اور ایم کیوایم لاہور زون کے عہدیداران بھی موجود تھے۔

## میری اولین کوشش ہے کہ ملک میں فقہ اور مسلک سے تعلق رکھنے کی بنیاد پر معصوم انسانوں کے سفاکانہ قتل کے سلسلے کی روک تھام ہو اور نفرت وتعصّبات کا خاتمہ ہو۔ الطاف حسین

## معصوم انسانوں کا قتل کسی بھی شکل اور کسی بھی بنیاد پر ہو میں اس کے خلاف ہوں

## چاہتا ہوں ملک میں کسی ایک مخصوص فقہ سے تعلق کی بنیاد پر معصوم و بے گناہ شہریوں کا خون نہ بہایا جائے

## میں نتائج کی پرواہ کئے بغیر آواز بلند کررہا ہوں اور کرتا رہوں گا۔ گلگت بلتستان کے ممتاز عالم آغا راحت الحسینی سے فون پر گفتگو

## آپ نے اہل تشیع کمیونٹی کے قتل عام کے خلاف جس طرح جراتمندانہ انداز میں آواز بلند کی ہے اس پر پوری ملت جعفریہ آپکی شکرگزار ہے۔ آغا راحت الحسینی کی الطاف حسین سے گفتگو

## معصوموں کی حمایت میں جس طرح آپ آواز بلند کررہے ہیں، پاکستان کی تاریخ میں آج تک ایسی جرات کا مظاہرہ کسی نے بھی نہیں کیا۔ آغا راحت الحسینی

لندن:۔۔۔25، اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ میری اولین کوشش ہے کہ ملک میں فقہ اور مسلک سے تعلق رکھنے کی بنیاد پر معصوم انسانوں کے سفاکانہ قتل کے سلسلے کی روک تھام ہو اور نفرت وتعصّبات کا خاتمہ ہو، اسی لئے میں نتائج کی پرواہ کئے بغیر آواز بلند کررہا ہوں اور کرتا رہوں گا۔ انہوں نے یہ بات گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والے ممتاز عالم آغا راحت الحسینی سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ معصوم انسانوں کا قتل کسی بھی شکل اور کسی بھی بنیاد پر ہو میں اس کے خلاف ہوں اور میں چاہتا ہوں ملک میں کسی ایک مخصوص فقہ سے تعلق کی بنیاد پر معصوم و بے گناہ شہریوں کا خون نہ بہایا جائے۔ جناب الطاف حسین نے آغا راحت الحسینی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ گلگت بلتستان کے بے گناہ قتل کئے جانے والے افراد کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اوران کیلئے دعا گو ہیں۔ آغا راحت الحسینی نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے اہل تشیع کمیونٹی کے قتل عام کے خلاف جس طرح جراتمندانہ انداز میں آواز بلند کی ہے اس پر پوری ملت جعفریہ آپ کی شکرگزار ہے۔ جس طرح آپ کھل کر معصوموں کی حمایت میں آگے آئے ہیں اور جس طرح آواز بلند کررہے ہیں، پاکستان کی تاریخ میں آج تک ایسی جرات کا مظاہرہ کسی نے بھی نہیں کیا۔ آغا راحت الحسینی نے جناب الطاف حسین کی صحتیابی اور درازی عمر کیلئے دعا کی۔

## پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان انضمام الحق کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔25، اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان انضمام الحق کی والدہ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## قائدتحریک الطاف حسین بانی پاکستان قائداعظم محمدعلی جناح کے منشوراورتعلیمات کے مطابق تمام اقلیتوں کے یکساں حقوق کے حصول کیلئے آواز بلندکررہے ہیں،رابطہ کمیٹی

## قائدتحریک الطاف حسین نے ایک بارپھرثابت کیاہے کہ وہ ایک سچے پاکستانی اورمسلمان ہیں

کراچی:۔۔۔25اگست2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پاکستان کواس وقت یکجہتی کی اشدضرورت ہے،فرقہ واریت کی بنیادپر پاکستانی شہریوں کوقتل کرنا قائداعظم کوقتل کرنا ہے پاکستان چاروں طرف سے خطرات میں گھراہوا ہے اورایسے میں آئے دن شیعہ کمیونٹی کے لوگوں کوبسوں سے اتارکراورشناخت کرکےقتل کیاجارہاہے یہ نہ صرف ظلم بلکہ پاکستان دشمنی کاعمل ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ہمیں شیعہ سنی یاہندومسلمان کی بنیادپرنہیں بلکہ پاکستانی بن کرسوچنا چاہیےاورکسی بھی شہری کے ساتھ امتیازنہیں برتنا چاہیے۔انہوں نے ملک میں پیش آنیوالے حالیہ واقعات کی پرزورمذمت کی اورکہا کہ حالیہ واقعات اس بات کاثبوت ہیں کہ بعض عناصر مذہب وفرقے اورمسلک کی بنیادپرمعصوم شہریوں کاقتل عام کررہے ہیں اورانہیں گھروں سے بےدخل کرکے ملک کی بقاء وسلامتی کونقصان پہنچاناچاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین پاکستان کے واحدلیڈرہیں جوسچے مسلمان کی حیثیت سے تمام مذاہب اورمکاتب فکر سے تعلق رکھنے والیپ افرادکے درمیان مذہبی رواداری اورفرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم رکھنے کی جدوجہدکررہے ہیں اوربانی پاکستان قائداعظم محمدعلی جناح کے منشوراورتعلیمات کے مطابق تمام اقلیتوں کیلئے یکساں حقوق کے حصول کیلئے آوازبلندکررہے ہیں،اور پاکستان بھرکی تمام اقلیتی برادری اس جدوجہدمیں قائدتحریک کے ساتھ ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائدتحریک نے بارہاکہاہے کہ بانی پاکستان قائداعظم محمدعلی جناح خودخواجہ شیعہ اثنائےعشری مسلک سے تعلق رکھتے تھےلہٰذامحض شیعہ ہونے کی بنیادپرپاکستانی شہریوں کوقتل کرنا قائداعظم کوقتل کرناہےاورقائداعظم کوقتل کرناپاکستان کوقتل کرنے کےمترادف ہے۔

## ایم کیوایم نے اپنے قیام کے پہلے ہی دن سے تمام مذہبی عقائدم،مسالک اوران کی عبادت گاہوں کے تقدس اوراحترم کادرس دیا،عبدالاحد،منورلعل

## ایم کیوایم جمہوریت کے استحکام،سیاسی وبین المذہب ہم آہنگی اورسماجی ترقی کیلئےکوشاں ہے،رشیدخان،گلفام جاویدرندھاوا

## کرسچن ٹاؤن کورنگی میں کرسچن کمیونٹی اورہندوکمیونٹی کےرہنماؤں سے ملاقاتوں کےدوران اظہارخیال

کراچی:۔۔۔25اگست2012ء

ایم کیوایم شعبہ اقلیتی امورکے انچارج عبدالاحداورجوائنٹ انچارج وحق پرست رکن قومی اسمبلی منورلعل نے شری سناتن کمیونٹی سینٹر یوسی 05 رنچھوڑلائن صدرٹاؤن میں ہندوپنچائیت کمیٹیوں اورایم کیوایم شعبہ اقلیتی امورکمیٹی کے جوائنٹ انچارج وحق پرست رکن صوبائی اسمبلی رشیدخان اورشعبہ اقلیتی امورکمیٹی کے رکن گلفام جاویدرندھاوانے کرسچن ٹاؤن کورنگی میں کرسچن کمیونٹی اورہندوکمیونٹی کے رہنماؤں سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔اس موقع پراقلیتی امورکمیٹی کے ارکان مکیش روشن،صاورنویدملک اورہندوبرادری سے تعلق رکھنے والی پنچائیت شری بھان نول،گجراتی پنچائیت اوردیگرہندومذہبی رہنماءبھی موجودتھے۔ملاقاتوں میں ایم کیوایم شعبہ اقلیتی امورکمیٹی کے ذمہ داران نے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ پاکستان سے غیرمسلموں کی نقل مکانی کرنا ملک کیلئے نقصان دہ بات ہے جولوگ ہندو،مسیح یادیگرغیرمسلموں کوپاکستان چھوڑنے پرمجبورکررہے ہیں وہ ان غیرمسلموں پرنہیں پاکستان اورقائداعظم کی تعلیمات پرظلم کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم جمہوریت کے استحکام،سیاسی وبین المذاہب ہم آہنگی اورسماجی ترقی کیلئےکوشاں ہےاوریہی وجہ ہے کہ آج ایم کیوایم میں تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے افرادکی بڑی تعدادموجودہے۔انہوں نے مزیدکہا کہ ایم کیوایم نے اپنے قیام کے پہلے ہی دن سے تمام مذہبی عقائداورتمام مسالک اوران کی عبادت گاہوں کے تقدس اوراحترم کادرس دیاہےاورانکے تحفظ کیلئے ہرممکنہ اقدامات کئے ہیں ملک میں جہاں غیرمسلموں پرجب بھی کوئی ظلم یازیادتی کی گئی انکی عبادت گاہوں کونقصان پہنچایاگیاتوایم کیوایم کے نمائندےسب سے پہلے ان کی مددکیلئے پہنچےاورانہیں تحفظ فراہم کیا۔اس موقع پرہندوپنچائت کے رہنماؤں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین کے غیرمسلموں کےحقوق وتحفظ کیلئے دیئے گئے بیانات نے غیرمسلموں کے زخموں پرمرہم کاکام کیاہےاورہندوبرادری ہمیشہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ایم کیوایم ساتھ ہے۔گفتگوکے بعدایم کیوایم شعبہ اقلیتی امورکے ذمہ داران نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے گذشتہ روزشائع ہونے والے بیان کوپڑھ کرسنایااوربیان کی کاپیاں بھی تقسیم کیں۔

## معروف ٹی وی آرٹسٹ انور اقبال بلوچ، پی ایف یو جے کے صدر پرویز شوکت کوحکومتِ پاکستان کی جانب سے تمغہ امتیاز ملنے پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی مبارکباد

کراچی:۔۔۔25اگست2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن اور معروف ٹی وی آرٹسٹ انور اقبال بلوچ، پی ایف یو جے کے صدر پرویز شوکت کوحکومتِ پاکستان کی جانب سے تمغہ امتیاز دیئے جانے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان انہوں نے کہا کہ فنکار عوام کی سوچ، جذبات اور احساسات کی عکاسی اور کسی بھی فنکار اور صحافی کو اس کے شعبے میں نمایاں کارکردگی پر تمغہ امتیاز ملنا یقیناً بڑے فخر کی بات ہے۔رابطہ کمیٹی نے انور اقبال، پی ایف یو جے کے صدر پرویز شوکت کو انکی صلاحیتوں کے اعتراف پر انہیں زبردست خراجِ تحسین پیش بھی کیا ہے اور اُمید ظاہر کی ہے کہ وہ مستقبل میں بھی اسی طرح اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے مظلوم ومحکوم عوام کی ترجمانی کرتے رہیں گے۔

## ایم کیوایم کے وفد کی ڈیرہ مراد جمالی میں شیعہ علمائے کرام سے ملاقات

کوئٹہ:۔۔۔25اگست2012ء

قائد تحریک الطاف حسین کے حالیہ بیانات اور ملک کو درپیش خطرات کے حوالے بیانات کی روشنی میں متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے ملک میں امن واستحکام ،فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارگی کے فروغ کیلئے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام سے ملاقاتیں کی جارہی ہیں۔اس سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کوئٹہ زون کے انچارج امداد حسین مری کی سربراہی میں ایم کیوایم کے وفد نے امام بارگاہ ڈیرہ مراد جمالی میں خطیب مرکزی امام بارگاہ مولانا تجمل عباس جعفری ،صوبائی صدر وحدت المسلمین حضرت مولانا مقصود احمد ڈومکی، سیکریٹری ایم ڈبلیو ایم صوبائی سیکریٹری تربیت سید ظفر عباس سے ملاقات کی اور انہیں قائد تحریک الطاف حسین کا خصوصی پیغام پہنچایا اور حالیہ بیان پر بات چیت کی۔ملاقات میں ملک میں دہشت گردی کے واقعات خصوصاً اہل تشیع حضرات کو نشانہ بنانے کی مذمت کی گئی۔اس موقع پر مولانا عمل عباس جعفری نے قائد تحریک کے بیان کو سراہا اور کہا کہ الطاف حسین ملک کے واحد لیڈر ہیں جنہوں نے معصوم شہریوں کے قتل عام پر سب سے پہلے آواز بلند کی اور قتل عام کی پرزور الفاظ میں مذمت بھی کی۔ایم کیوایم کے وفد میں جوائنٹ انچارج اسد بلوچ، رکن احمد حسین مینگل اور سیکٹر کمیٹی کے انچارج وارا کین بھی موجود تھے۔

## جناب الطاف حسین ملک میں مذہبی رواداری، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور عوام کے درمیان اتحاد و یکجہتی کیلئے کوششیں کررہے ہیں تاکہ پاکستان عدم استحکام سے بچایا جاسکے، کشور زہرہ
## ایم کیوایم شعبہ خواتین کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔:25اگست2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی شعبہ خواتین کا ایک اجلاس خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں ایم کیوایم کی شعبہ خواتین کی اراکین کمیٹی اور خواتین کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج کشور زہرہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک نے ہمیشہ انسانیت پر ہونے والے مظالم کی پرزور مذمت کی ہے ،خواہ ظلم وزیادتی ہندوؤں کے ساتھ ہو،عسائیوں کے ساتھ ہو یا کسی بھی قومیت، مذہب، رنگ ونسل یا فقہہ سے تعلق رکھنے والے افراد کے ساتھ ہو۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین ملک میں مذہبی رواداری، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور عوام کے درمیان اتحاد و یکجہتی کیلئے کوششیں کررہے ہیں تاکہ پاکستان عدم استحکام سے بچایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک نے شیعہ اہل تشیع حضرات پر ہونے والے مظالم پر بھرپور احتجاج کرکے ثابت کردیا ہے کہ پاکستان کی بقاء اس میں ہے کہ اس قتل عام کو روکا جائے اور فرقہ واریت کا خاتمہ کیا جاسکے۔

## قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے حق پرست صوبائی وزیر برائے امورنو جوانان فیصل سبزواری نے تندور پر روٹی پکانے والے بی اے کے طالب علم محمد محسن کوامتحانات میں اول پوزیشن حاصل کرنے پر دولاکھ روپے مالی امداد کا چیک فراہم کردیا

کراچی:۔۔۔25،اگست 2012ء

قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے حق پرست صوبائی وزیر برائے امورِنو جوانان فیصل سبزواری نےپنجاب کے علاقے اسلام پورہ میں تندور پر روٹی پکانے والے بی اے کے طالب علم محمد محسن کو بی اے کے امتحانات میں اول پوزیشن حاصل کرنے پر دولاکھ روپے مالی امداد کا چیک فراہم کردیا ۔ یہ چیک انہوں نے گزشتہ روز نجی ٹی وی چینل کے ایک پروگرام میں طالب علم محمد محسن کے حوالے کیا۔

## قائدتحریک الطاف حسین پاکستان کے واحد رہنما ہیں جنہوں نے ملک کی سالمیت اور وحدانیت کیلئے ہراول دستے کا کردارادا کرتے ہوئے ہمیشہ ملک کی سلامتی کولاحق خطرات سے پاکستان کی عوام کو قبل از وقت آگاہ کیا ،فرخ اعظم ،نثاراحمد پنہور

## الطاف حسین کے بیان نے ہمارے زخموں پر مرہم کا کام کیا، پاکستان مضبوط بنانے کیلئے قائدتحریک کے ہاتھ مضبوط کرنا ہونگے ،علماء کرام

## ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کی گلشن حدید فیز 2 میں واقع امام بارگاہ وجامع مسجد العصر میں اہل تشیع علمائے کرام سے ملاقات

کراچی:۔۔۔25 اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم اور جوائنٹ انچارج وحق پرست صوبائی وزیر نثاراحمد پہنور نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین پاکستان کے واحد رہنما ہیں جنہوں نے ہمیشہ ملک کی سالمیت اور واحدانیت کیلئے ہراول دستے کا کردارادا کرتے ہوئے ہمیشہ ملک کی سلامتی کولاحق خطرات سے پاکستان کی عوام کو قبل از وقت آگاہ کیا ہے۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے گلشن حدید فیز 2 میں واقع امام بارگاہ وجامع مسجد العصر میں اہل تشیع علمائے کرام سے ملاقات میں کیا،اس موقع پر کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج محمد سلیم جوکھیواوراراکان الطاف حسین مینگل اور گل محمد مینگل بھی موجود تھے۔علمائے کرام سے گفتگو کرتے ہوئے کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم اور جوائنٹ انچارج وحق پرست صوبائی وزیر نثاراحمد پہنور نے کہا کہ قائدتحریک کی جدوجہد کا مقصد معاشرے میں بلاتفریق رنگ ونسل و مسلک و مذہب تمام انسانوں کے درمیان برابری کی بنیاد پر انصاف اور حقوق کی فراہمی ہے مگر ملک پر قابض 2 فیصد استحصالی طبقہ کبھی یہ نہیں چاہے گا کہ پاکستان میں بسنے والے متوسط طبقے کے عوام باہم شیروشکر ہوکر رہیں،لہذا وہ سازشوں کے ذریعے کبھی لسانیت ،کبھی عقیدے اور کبھی فرقے کی بنیاد پر عوام کو لڑانے کی کوششیں کرتا رہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک اتحاد بین المسلمین کے سب سے بڑے داعی ہیں اور انہوں نے تمام مذاہب، زبان وعقائد سے تعلق رکھنے والوں کوایم کیوایم کے پلیٹ فارم پر جمع کردیا ہے۔اس موقع پر علمائے کرام نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اہلیان پاکستان کی نظر میں قائدتحریک کا رتبہ پاکستان کے تمام لیڈروں میں سب سے بلند ہے،انہوں نے کہا کہ اہل پاکستان قائد تحریک کو پاکستان کی بقاء وسلامتی کی علامت سمجھتے ہیں کیونکہ وہ واحد لیڈر ہیں جو ہمیشہ پاکستانی عوام کو ملکی سلامتی کولاحق خطرات سے قبل از وقت آگاہ کرتے رہتے ہیں اور آج بھی انہوں نے جس طرح بے خوف وخطر پاکستان میں بسنے والے افراد کونشانہ بنائے جانے پر آواز بلند کی ہے وہ کسی اور رہنماء نے نہیں کی۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک کے حق پرستانہ بیان نے ہمارے زخموں پر مرہم کا کام کیا اور ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان کومضبوط بنانے کیلئے الطاف حسین کے ہاتھوں کومضبوط کرنا ہوگا۔

☆☆☆☆☆